فلوراليا

حصه پنجم

امریکی انگریزی

ہیلن شرمپٹن کے کرسٹل اینڈ کروشے سے ویڈیو حاصل کر سکتے ہیں

کھلے پھول والے چوکور میں آگے کام کرتے ہیں

ساتواں چکر
کسی بھی ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے کےبعد بنے بڑے ٹانکے سے شروع کریں ۔
*بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں
گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
ٹانکے شمار کرئیں ۔ اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔ بارہ پھولی مکئی ٹانکے

آٹھواں چکر
کسی بھی پھولی مکئی ٹانکے کے بعد آنے والے پہلے سادہ ٹانکے سے شروع کریں
*بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ پھولی مکئی ٹانکوں کے درمیان پھولی مکئ ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں
گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
ٹانکے شمار کرئیں ۔ اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔ آٹھ پھولی مکئی ٹانکے

نوواں چکر
کسی بھی پھولی مکئی ٹانکے کے بعد آنے والے پہلے سادہ ٹانکے سے شروع کریں
*بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ پھولی مکئی ٹانکوں کے درمیان پھولی مکئ ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں *
چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
ٹانکے شمار کرئیں ۔ اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔ چار پھولی مکئی ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔

دسواں چکر
کسی بھی پھولی مکئی ٹانکے میں بنائیں ۔
*(آدھا بڑا ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ آدھا بڑا ٹانکا) کونہ مکمل ہوا ۔ دو زنجیر ٹانکے والی جگہ میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے والی جگہ میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔ اون کو مت کاٹیں
ٹانکے شمار کریں ۔ فی طرف ۔ بارہ آدھے بڑے ٹانکے ۔ چھ سادہ ٹانکے

گیارہواں چکر
گم ٹانکے کے ذریعے کونے والی زنجیر جگہ میں پہنچ جائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں
*کونے والی زنجیر جگہ میں پانچ آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ چھپا ٹانکا چھوڑ دیں ۔ اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں
اشارہ ۔ کونے میں بنے ہر تیسرے آدھے بڑے ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں
ٹانکے شمار کریں ۔ فی طرف ۔ اکیس آدھے بڑے ٹانکے ۔
چاروں کونوں میں بننے ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا

بارہواں چکر
ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں
*کونے والے ٹانکے میں چار آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ (نشان بکسوہے والا ٹانکا ہوگا) اگلا اکیس ٹانکوں میں ایک ایک آدھا ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں
ٹانکے شمار کریں ۔ فی طرف ۔ پچیس آدھے بڑے ٹانکے ۔ کونے میں کوئی ٹانکا نہیں بنے گا

تمام سروں کو محفوظ کر لیں

تمام چوکور بلاک کئے بغیر تقریبا پانچ انچ پیمائش کے ہونے چاہئیں

جوڑنا

پانچ پانچ چوکور کو گم ٹانکے سے جوڑ کر چار پٹیاں تیار کر لیں

<u>جب تک حدایت نہ دی جائے سروں کو محفوظ نہ کریں</u>



چوکوروں کو ایک دوسرے کی الٹی طرف ایک دوسرے کے ساتھ رکھ لیں ۔ یوں آپ سامنے کی طرف سے ٹانکے بنا سکیں گے ۔

ہر چوکور کے پچیس ٹانکے ہیں ۔ ٹانکے سے ٹانکا ملاتے ہوئے ۔ زنجیر کے باہر والے حصوں میں گم ٹانکے سے جوڑیئں

ہک کو باہر والے حصوں میں سے گزار کہ پھندہ کھینچ کر گم ٹانکا بنا لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ پچیس گم ٹانکے

سروں کو محفوظ نہ کریں ان کی بعد میں ضرورت ہوگی

حصہ پنجم اختتام پذیر ہوا